# 26-05-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے عہدیداروں کو خبردار کیا ہے کہ دھان کی خریداری میں کرپشن میں ملوث پائے جانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی ۔

۲۔بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاست میں دھان کی فروخت اور تیار چاول کی خریدی سے متعلق ایک ہزار ایک سو کروڑ روپے کے اسکام کی تحقیقات کی جائے ۔

۳۔ریاست کل تلنگانہ قانون ساز کونسل ورنگل، کھمم ،نلگنڈہ گریجویٹ حلقے کے چناؤ کے لئے تیار ہے ۔ پولنگ صبح آٹھ سے شام چار بجے کے بیچ ہوگی ۔

اور

۴۔تلنگانہ میں تمباکو اورنکوٹین رکھنے والے گٹکے اور پان مسالہ پر ایک سال کیلئے پابندی لگادی گئی ہے ۔

☆☆☆

تلنگانہ میں اگلے تعلیمی سال سے پرائمری اوراپر پرائمری اسکولس کے کام کرنے کے اوقات بدل جائیں گے ۔ محکمہ تعلیم کی طرف سے منظورہ ایک نئی تجویز کے مطابق پرائمری اوراپر پرائمری اسکولس بارہ جون کو صبح 9 بجے سے کھلیں گے ،لیکن اس سلسلہ میں ابھی سرکاری اعلان نہیں کیا گیا ہے ۔

☆☆☆

تلنگانہ ،چھتیس گڑھ سرحد پر بھیماورم کے قریب جنگلاتی علاقہ میں ماؤنوازوں کے ایک کھادلگا کر کئے گئے حملہ میں دو آدی واسی عورتیں بری طرح زخمی ہوگئیں ہیں ۔ ماؤنوازوں نے پوساگوپا اورانجو پلی دیہاتوں کے درمیان سرحد پر درخت گرادئے اور لوگوں کی نقل وحرکت میں خلل ڈالا ۔بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس روہیت راج نے بتایا کہ ماؤنوازوں کی ایسی ظالمانہ کارروائیوں سے معصوم آدی واسی لوگوں کی جان ومال کو بھاری نقصان پہنچ رہا ہے ۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایسی کارروائیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا ۔

☆☆☆

ورنگل، کھمم ،نلگنڈہ گریجویٹ حلقہ سے تلنگانہ قانون ساز کونسل کے کل ہونے والے ضمنی چناؤ کے لئے تیاریاں پوری کرلی گئی ہیں ۔پولنگ صبح آٹھ بجے سے شام چار بجے کے درمیان ہوگی ۔ورنگل، کھمم اورنلگنڈہ کے غیرمنقسمہ ضلعوں کے 34 اسمبلی حلقوں پر پھیلے ہوئے اس حلقہ میں جملہ 4.63 لاکھ گریجویٹس ووٹ دینے کے اہل ہیں ۔جملہ 605 پولنگ اسٹیشنس قائم کئے گئے ہیں ۔نومبر 2023ء میں ہونے والے اسمبلی چناؤ میں جنگاؤں حلقہ سے اسمبلی میں داخل ہونے کے بعد بی آر ایس کے پلا راجیشور ریڈی نے استعفیٰ دے دیا تھا ،جس کی وجہ سے یہ نشست خالی ہوئی ۔ جملہ 52 امیدوار میدان میں ہیں لیکن اصل مقابلہ کانگریس ،بی آر ایس اور بی جے پی امیدواروں کے درمیان ہے ۔کانگریس کے تین مارملنا ،بی جے پی کے پرمیندر ریڈی اور بی آر ایس کے ای راکیش ریڈی میدان میں ہیں ۔اس چناؤ میں کانگریس پارٹی کو سی پی آئی ،سی پی ایم اور تلنگانہ جنا سمیتی کی تائید حاصل ہے ۔اس دوران الیکشن کمیشن نے پرامن پولنگ کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے ہیں ۔قانون ساز کونسل کے چناؤ کے مصدقہ ووٹرس مرکزی اور ریاستی ملازمین کو اتفاقی رخصت دی گئی ہے تاکہ وہ اپنے حق کا استعمال کرسکیں ۔

☆☆☆

کمشنر فوڈ سیفٹی تلنگانہ نے ایک اعلامیہ جاری کرتے ہوئے تمباکو اورنکوٹین رکھنے والے گٹکے اور پان مسالہ کی تیاری ، ذخیرے ،تقسیم ،منتقلی اور فروخت پر پابندی لگادی ہے ۔ محکمہ نے کہا 24 مئی سے ایک سال کے لئے یہ حکم لاگو ہوگا ۔تمباکو اورنکوٹین رکھنے والا گٹکا اور پان مسالہ دھواں نہ چھوڑنے والی خطرناک چیزیں جن سے صحت کو سنگین جوکھم لاحق ہے ۔ گٹکا اور پان مسالہ منہ کا کینسر اور صحت کے دوسرے سنگین مسائل کی وجہ بنتے ہیں ۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت کے ایک ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے اسکامس کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔جن کا تعلق دھان کی فروخت اور چاول کی خریدی سے ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ کے ریاستی حکومت فوری ٹنڈرس برخواست کردیں اور متعلقہ کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی شروع کریں۔اس کے علاوہ انہوں نے اِن اسکامس کی تحقیقات ای ڈی،سی بی آئی اور ویجلنس ڈپارٹمنٹس جیسے اداروں سے کرانے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے رشوت لینے والے کانگریس لیڈرس نے چیف منسٹر کے دفتر اور دہلی کے سینئر کانگریس لیڈرس کی ملی بھگت سے یہ اسکامس کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے پندرہ دن پہلے اس اسکانڈل کو بے نقاب کیا تھا لیکن اب تک اس سلسلہ میں وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی اور سیول سپلائز کے وزیر این اتم کمار ریڈی نے کوئی جواب نہیں دیا ہے۔ راما راؤ نے کہا کہ پہلے اسکام کا تعلق 35 لاکھ ٹن دھان کی فروخت کے لئے عالمی ٹنڈرس سے ہے۔جبکہ دوسرا اسکام ریسیڈنشیل ویلفیر ہاسٹلس کے لئے 2.2 لاکھ ٹن تیار چاول کی خریدی کے بارے میں ہے۔ان دونوں اسکامس کی مالیت ایک ہزار ایک سو کروڑ روپے ہے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ دوسو روپے فی 35 لاکھ ٹن اضافی محصول لگاتے ہوئے مل مالکوں سے سات سو کروڑ روپے حاصل کئے گئے۔ انہوں نے مل مالکین سے پیسہ وصول کرنے کے لئے ان کمپنیوں کے اختیار اور قانونی حیثیت پر سوال اٹھائے۔راما راؤ نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ مختلف ویلفیر ہاسٹلس میں پڑھنے والے غریب طالب علموں کے لئے 2.2 لاکھ ٹن تیار چاول کی خریدی میں تین سو کروڑ روپے کا اسکام ہوا ہے۔انہوں نے مل مالکین سے پہلے کی طرح 35 روپے فی کلو کے بجائے 57 روپے فی کلو چاول کی خریدی کے لئے کانگریس حکومت پر تنقید کی۔

☆☆☆

لوک سبھا چناؤ کے نتیجوں کے لئے حیدرآباد میں گنتی کے سولہ مرکز قائم کئے گئے ہیں۔ان مراکز پر گنتی کے لئے ہر ہال میں چودہ ٹیبلس کا انتظام کیا جائے گا۔حیدرآباد کے ضلع الیکٹورل آفیسر رونالڈ روس نے کہا کہ چار جون کو ووٹوں کی گنتی صبح آٹھ بجے شروع ہوگی۔گنتی سے متعلق عملہ کی تربیت کے لئے کل تربیت سیشن رکھا گیا جن میں مائیکرو ابزرورس سوپروائزرس اسسٹنٹس اور اے آر اوز شامل ہیں۔

☆☆☆

بھدرادری کوتہ گوڑم میں ضلع کے اسواراؤ پیٹ، بھدراچلم اور اشواپورم پولیس اسٹیشن میں ڈھائی کروڑ روپے مالیت کا گانجہ ضبط کیا گیا ہے جس کا وزن ایک ہزار 35 کلوگرام ہے۔گانجہ کی اسمگلنگ کو روکنے کے لئے ضلعوں کی سرحدوں پر خصوصی نگرانی رکھی جارہی ہے۔ ضلع ایس پی روہیت راجو نے خبردار کیا کہ گانجہ کی اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆

بی جے پی کے سابق رکن اسمبلی اور میدک حلقہ کے لوک سبھا امیدوار رگھونندن راؤ نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس پارٹی ورنگل،نلگنڈہ،کھمم گریجویٹ ایم ایل سی چناؤ میں تیس کروڑ روپے سے ووٹوں کو خریدنے کی کوشش کررہی ہے۔انہوں نے اس سلسلہ میں ای میل کے ذریعہ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر سے شکایت کی۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیسے کی تقسیم کے ذریعہ جیت حاصل کرنے کی کوشش پر بی آر ایس کی مسلمہ حیثیت ختم کردی جائے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ بی آر ایس کو چناؤ میں ووٹ خریدنے سے روکا جائے۔

☆☆☆

طوفان ریمل سخت سمندری طوفان میں تبدیل ہوگیا ہے اور امکان ہے کہ آج آدھی رات تک بنگلہ دیش اور متصل مغربی بنگال کے ساحل کے درمیان سے گذرے گا۔ اس وجہ سے ایک سودس سے 135 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔محکمہ موسمیات نے یہ بات بتائی۔طوفان کی وجہ سے مغربی بنگال میں کئی ٹرینیں اور فلائٹس برخواست کردی گئی ہے۔

☆☆☆

آصف آباد ضلع میں اب تک 26 خریدی مراکز سے 856 کسانوں سے 4629 میٹرک ٹن دھان حاصل کی گئی ہے۔ ضلع کلکٹر وینکٹیش دونترے نے بتایا کہ دس کروڑ روپے میں سے چار کروڑ روپے کسانوں کو ادا کردئے گئے ہیں اور باقی رقم ایک ہفتہ میں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا خریدی کے مرکز دس جون تک کام کریں گے اور کسانوں سے مکمل دھان خریدی جائے گی۔

☆☆☆

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج شام تلنگانہ کے محبوب نگر، ناگرکرنول، نلگنڈہ، نارائن پیٹ، رنگاریڈی، سنگاریڈی، وقارآباد، ونپرتی اور یادادری میں اوسط سے تیز بارش ہوگی۔ اس دوران حیدرآباد کے کئی حصوں میں آج دوپہر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔ کئی مقامات پر تیز ہواؤں کی وجہ سے بجلی کی سپلائی میں خلل پڑا۔ ناگرکرنول ضلع میں بھی آج شام بارش ہوئی۔

☆☆☆

گنٹور۔ سکندرآباد روٹ پر وشنوپورم ریلوے اسٹیشن پر ایک مال گاڑی پٹری سے اتر گئی۔ اس حادثہ کی وجہ سے اس لائن پر کئی ٹرینیں دیر سے چلی۔ مریال گوڑہ میں سبری اکسپریس کو روک دیا گیا۔ پدوگوریلا میں جنم بھومی اکسپریس کو روکا گیا۔

☆☆☆

نظامس انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس کے سرجنس نے ایک قبائلی نوجوان کے دل اور پھیپھڑے کے درمیان سینے میں پھنسے ہوئے ایک تیر کو نکالتے ہوئے اس کی جان بچائی۔ بیجاپور ضلع چھتیس گڑھ کے علاقہ یوسر سے تعلق رکھنے والے 17 سالہ سودی نندا کو نمس میں شریک کیا گیا تھا جس کے سینے میں تیر پھنسا ہوا تھا۔ اس نوجوان کا تعلق گٹی کویا قبیلہ سے ہے۔ نمس کے ڈائرکٹر این بھیرپا نے بتایا کہ اس قبائلی نوجوان کے خاندان کے لئے یہ سرجری پوری طرح سے مفت میں کی گئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اس نادر کامیاب آپریشن کے لئے نمس کے ڈاکٹرس کی تعریف کی۔

☆☆☆

یو آئی ڈی اے آئی نے آدھار کی تفصیلات مفت اپ ڈیٹ کرنے کے لئے آخری تاریخ 14 جون مقرر کی ہے۔ یو آئی ڈی اے آئی نے کہا ہے کہ چودہ جون کے بعد آدھار اپ ڈیٹ کرنے والوں کو فیس ادا کرنی ہوگی۔ جنہوں نے پچھلے دس سال میں اپنے آدھار کارڈ کو اپ ڈیٹ نہیں کیا ہے انہیں اس سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ تاہم یو آئی ڈی اے آئی نے ان افواہوں کو رد کردیا کہ چودہ جون کے بعد موجودہ آدھار کارڈ غیر کارکرد ہو جائیں گے۔

☆☆☆

سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ دھان کی خریدی کے معاملہ میں کسانوں سے انصاف کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دھان کی خریدی میں کرپشن کرنے والے عہدیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ کانگریس حکومت میں دھان کی قیمت دو ہزار سات روپے فی کنٹل ہے جو پچھلی حکومت میں 1700 روپے ہی تھی۔ انہوں نے یہ بات صاف کی کہ معیاری چاول پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا گیا اور اس چاول کے تعلق سے ٹنڈر جاری کیا گیا تھا جسے بعد میں برخواست کردیا گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اپوزیشن کی طرف سے کیا جانے والا جھوٹا پروپیگنڈہ ریاست کے لئے اچھی بات نہیں ہے۔